جماعت سوم

اسلامیات

فہرست

باب اوّل
حفظ وناظرہ

۱۔	پنجم کلمہ استغفار	۵
۲۔	ششم کلمہ ردِ کفر	٦
۳۔	قرآنی سورتیں	
	(سورۃ النصر)	۷
	(سورۃ الھب)	۸
۴۔	اسماء الحسنیٰ	۹
۵۔	منتخب احادیث	۱۰
٦۔	مسنون دعائیں	۱۲

باب دوم
ایمانیات وعبادات

۷۔	ایمان	۱۵
۸۔	توحید۔اللہ تعالیٰ پر ایمان	۱۷
۹۔	رسالت	۱۹
۱۰۔	آخرت	۲۲
۱۱۔	اذان	۲۴
۱۲۔	نماز	۲۷
۱۳۔	نماز پڑھنے کا طریقہ	۳۰

باب سوم
تاریخِ اسلام

۱۴۔	حضرت یوسفؑ	۳۴
۱۵۔	پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حیاتِ طیبہ	۴۰
۱٦۔	حضرت خدیجہؓ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نکاح	۴۳
۱۷۔	حلف الفضول	۴۵
۱۸۔	حجرِ اسود کی تنصیب	۴۷

باب چہارم
آداب واخلاق

۱۹۔	گفتگو کے آداب	۵۰
۲۰۔	غیبت اور بہتان	۵۲
۲۱۔	جھوٹ بولنا	۵۴

ششم کلمہ ردِّ کفر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْـًٔا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

ترجمہ: الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے اس (گناہ) سے جس کا مجھے علم نہیں، میں نے شرک سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر سے؛ اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (دوسری) ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں نے فرمانبرداری کے لیے سر جھکایا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: بچوں کو درست تلفظ اور ترجمہ کے ساتھ ششم کلمہ پڑھائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

منتخب احادیث

آپ ﷺ کا ہر قول ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔
لہٰذا ہمیں آپ ﷺ کے اقوال کی اہمیت کو سمجھ کر اس پر عمل کرنا چاہیے۔

منتخب احادیث

(۱) اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

ترجمہ: میں آخری پیغمبر ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

(۲) اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ

ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے۔

(۳) لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَيْنِ

ترجمہ: مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا۔

ہدایات برائے اساتذہ/ والدین: بچوں کو احادیث نبویؐ کی تعریف اور ان کی اہمیت کے متعلق سمجھائیں۔

ایمان

ایمان کے معنٰی ہیں کسی بات کو سچے دل سے ماننا اور زبان سے اس کا اقرار کرنا۔

الحمد للہ ہم مسلمان ہیں اور ہمارا پیارا دین اسلام ہمیں اس بات کی تعلیم دیتا ہے کہ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ نے ہمیں بہت ساری چیزوں پر ایمان لانے کا حکم فرمایا ہے۔

ان میں سے مندرجہ ذیل سات چیزیں بہت اہم ہیں۔

۱ اللہ تعالیٰ پر ایمان

۲ فرشتوں پر ایمان

۳ اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان

۴ رسولوں پر ایمان

۵ آخرت پر ایمان

۶ تقدیر پر ایمان

۷ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر ایمان

ان سات باتوں کو "ایمانِ مفصل" میں اس طرح بیان کیا گیا ہے

اٰمَنْتُ بِاللہِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللہِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور آخرت کے دن پر (اس بات پر کہ) اور تقدیر پر کہ اچھائی اور برائی اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر۔

ہدایات برائے اساتذہ/والدین: بچوں کو ایمان مفصل ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کروائیں اور اس کی اہمیت بیان کریں۔

مشق

(الف) سوال وجواب

سوال نمبر۱ : ایمان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر۲ : آپ ﷺ نے جن چیزوں پر ایمان لانے کا حکم فرمایا ہے ان میں سے زیادہ اہم چیزوں کو کس میں بیان کیا گیا ہے؟

(ب) ایمانِ مفصل میں بیان سات چیزیں لکھیں۔

۱ ____________ ۲ ____________ ۳ ____________

۴ ____________ ۵ ____________ ۶ ____________

۷ ____________

مسجدِ قُباء



مسجدِ قُباء سعودی عرب میں مدینہ منورہ کے قریب واقع ہے۔

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسجدِ قُباء میں ایک نماز کا ثواب ایک عمرہ کے برابر ہے۔